# Department of Urdu
# S.S.A'a Arts & Commerce College Solapur

## Department of Urdu
## School of Languages & Literature

## 2019-2020

M.A. I SEM-II Paper-III

# Urdu Tahquiq Wa Tanqid اُردو تحقیق و تنقید

**Presented by**



**Dr. Chobdar Md. Shafi**

# Department of Urdu
# S.S.A'a Arts & Commerce College Solapur

## M.A. I SEM-II Paper-III

## مغربی نقاد افلاطون:

- افلاطون کا تعارف۔
- فلسفے کے متعلق افلاطون کا قول۔
- افلاطون بذاتِ خود شاعر اور شاعری کے متعلق خیال۔
- ڈرامے کے متعلق افلاطون کا خیال۔
- افلاطون کا نظریہ : اخلاقی تعلیم اور نظریہ نقل۔
- افلاطون کے مطابق شاعری کے تین حصے۔
- فن کے متعلق افلاطون کا خیال۔

# Department of Urdu
# S.S.A'a Arts & Commerce College Solapur

## M.A. I SEM-II Paper-III

### افلاطون کا تعارف :

نامور یونانی فلسفی افلاطون کا زمانہ حضرت عیسیٰ سے لگ بھگ چار سو سال پہلے کا زمانہ ہے افلاطون سقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد تھا۔ تنقید کے فن پر اس کی کوئی مستقل کتاب نہیں۔ مکالماتِ افلاطون اس کی وہ عظیم تصنیف ہے جس سے فلسفے کی باقاعدہ روایت جنم لیتی ہے۔

بقول ایمرسن : یہ وہ کتاب ہے جس میں دُنیا کی ہر وہ کتاب کا مواد موجود ہے۔

## M.A. I SEM-II Paper-III

## فلسفے متعلق افلاطون کا قول:

فلسفہ ہی علم و صداقت کا سرچشمہ ہے۔یہی نہیں بلکہ اس نے اپنی تمام نظموں کو جلاڈالا اور جب اس نے ایک مثالی ریاست کا تصور پیش کیا تو شاعروں نے اسے شہر بدر کر دیا۔

**M.A. I SEM-II Paper-III**

## افلاطون بذات خود شاعر اور شاعری کے متعلق خیال:

افلاطون بذاتِ خود شاعر تھا اور اعلیٰ درجے کی شاعری کا قدردان بھی تھا۔ وہ اس شاعری کو ناپسند کرتا ہے جو اخلاق کو خراب کرے، عوام کے پست جذبات کو بھڑکائے، بدتہذیبی اور بدمزاقی کی تعلیم دے۔

بقول سڈنی افلاطون کا اعتراض شاعری پر نہیں بلکہ پست اور غیر اخلاقی شاعری پر ہے۔

**M.A. I SEM-II Paper-III**

## ڈرامے کے متعلق افلاطون کا خیال:

ڈرامے سے افلاطون اس لیے بیزار ہے کہ ڈرامے کے زیادہ تر کردار بزدل بدمعاش اور مجرم ہوتے ہیں۔ افلاطون المیہ کے نسوانی کرداروں کی خاص طور پر مزمت کرتا ہے البتہ طربیہ کی ایک بات افلاطون کو پسند ہے کہ جب ہم کسی کمزوری پر ہنستے تو یہ بھی سمجھ لیتے ہیں کہ اس کمزوری سے ہمیں بچنا چاہیے

Department of Urdu

S.S.A'a Arts & Commerce College Solapur

M.A. I SEM-II Paper-III

# افلاطون کا خاص نظریہ اخلاقی تعلیم اور نظریہ نقل:

## نظریہ اخلاقی تعلیم :

افلاطون شاعری سے اخلاقی تعلیم کا کام لینا چاہتا ہے۔ افلاطون معلم اخلاق تھا اور چاہتا تھا کہ شاعری اور ڈراما دونوں اعلیٰ اخلاقی تعلیم دیں۔

## نظریہ نقل :

افلاطون اپنے نظریہ نقل کو ایک پلنگ کی مثال سے واضح کرتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ بڑھئی پلنگ بناتا ہے تو اس کی اصل شکل خدا کے ذہن میں محفوظ ہے۔ بڑھئی پلنگ بناتا ہے تو اس شکل کی نقل کرتا ہے۔ اس طرح سے اس کی نقل اصل سے ایک قدم دور ہوتی ہے۔ مصور پلنگ کی تصویر بناتا ہے تو وہ بڑھئی کی نقل کی نقل کرتا ہے۔

**M.A. I SEM-II Paper-III**

## افلاطون کے متعلق شاعری کے تین حصے:

- افلاطون شاعری کو تین حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

01۔بیانیہ شاعری۔

02۔ڈرامائی شاعری۔

03۔رزمیہ شاعری۔

Department of Urdu
S.S.A'a Arts & Commerce College Solapur

## M.A. I SEM-II Paper-III

# فن کے متعلق افلاطون کا خیال:

- افلاطون فن کو ایک جاندار شئے تسلیم کرتا ہے۔ جس طرح جسم سر اور پیر رکھتا ہے اسی طرح ایک فن پارے میں آغاز وسط اور انتہا ہوتے ہیں۔ جو آپس میں گہرا ربط رکھتے ہیں۔ افلاطون مشق اور مطالعے کو اہمیت دیتا ہے اور اس فن کی قدر کرتا ہے جس پر محنت کی گئی ہو۔

## M.A. I SEM-II Paper-III

# شکریہ

# Thank You